

تعارف و تبصرہ کتب

نام کتاب . . . تیس پروانے شمعِ رسالت سے

مؤلفہ . . . جناب طالب ہاشمی

ضخامت . . . ۵۱۲ صفحات سنہری ڈائی دار جلد۔ کتابت و طباعت نہایت عمدہ

قیمت . . . چالیس روپے

ناشر . . . مکتبہ چراغِ اسلام، ۴۰۔ بی اردو بازار، لاہور

جنابِ طالب ہاشمی ملک کے نامور مؤرخ اور سیرت نگار ہیں جو گزشتہ تیس سال سے نہایت خاموشی کے ساتھ قلم کے ذریعے دین اور اخلاق کی بیش بہا خدمات بھی انجام دے رہے ہیں اور اردو زبان کو بھی اپنے رشحاتِ قلم سے مالا مال کر رہے ہیں —— اخلاق باختگی اور ہوسِ زر کے اس دور میں کسی اہلِ قلم کا اپنے قلم کو رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، صحابہ کرامؓ اور سلف صالحین کی سیرت نگاری کے لئے وقف کر دینا لائقِ صد تحسین ہے۔ جنابِ طالب ہاشمی اس موضوع پر اب تک کتابوں اور مضامین کی صورت میں ہزاروں صفحات لکھ چکے ہیں۔ ان کی ہر تحریر عقیدت اور محبت کا شاہکار ہوتی ہے اور قاری اس کے حسنِ اسلوب سے مسحور ہوئے بغیر نہیں رہتا —— زیرِ نظر کتاب تیس جلیل القدر صحابہ کرامؓ کے تذکارِ جمیل پر مشتمل ہے۔ اس کی ایک ایک سطر میں بے پناہ عقیدت اور خلوص کی ایسی دلآویز خوشبو رچی بسی ہے کہ قاری کا مشامِ جان معطر ہو جاتا ہے، اور اس کے دل میں تڑپ پیدا ہوتی ہے کہ کاش اسے بھی شمعِ رسالت کے ان پروانوں کی عظمتِ کردار اور اخلاصِ عمل کا کچھ حصہ نصیب ہوتا۔

مبدا رفیض نے فاضل مؤلف کو سیرت نگاری کا خاص ملکہ عطا فرمایا ہے۔ صحابہ کرامؓ کے حالات وہ ایسے بلیغ اور دلکش انداز میں بیان کرتے ہیں کہ تصویر کھینچ کر رکھ دیتے ہیں اور یوں معلوم ہوتا ہے کہ یہ پیکرانِ عظمت ہماری آنکھوں کے سامنے اپنی عظمت اور حسنِ کردار کے نقوش صفحۂ تاریخ پر ثبت کر رہے ہیں —— اس کے ساتھ بڑی خوبی یہ ہے کہ تمام روایات کے ماخذ مستند ہونے